تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 03, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مادہ کے غلط استعمال کے سلسلے میں بیداری عام کرنے کے لیے نکڑ ناٹک اور مذاکرتی سیشن کا اہتمام

حکومت ہند کی نشہ مکت بھارت ابھیان مہم کے تحت متعدد پروگراموں کا انعقاد

حکومت کی نشہ مکت بھارت ابھیان (این ایم بی اے) بیداری مہم سے مکمل مطابقت رکھتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈین، اسٹوڈینٹ ویلفیئر آفس نے طلبہ میں مادے کے غلط استعمال کے سلسلے میں بیداری عام کرنے کے لیے متعدد اہم پروگرام کیے ہیں۔ تناظرات کی صورت گری اور بیداری کو فروغ دینے کے سلسلے میں تعلیمی اداروں کے اہم رول کو تسلیم کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے قومی پہل کو تعاون دینے میں فعال موقف اختیار کیا ہے۔

ستائیس فروری دو ہزار پچیس کو مادے کے غلط استعمال کے خطرات اور اس کے دوررس سماجی اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے دو فکر انگیز نکڑ ناٹک کھیلے گئے۔ ڈاکٹر جاوید حسن کی کنویز شپ اور پروفیسر دانش اقبال کی ایڈوائزر شپ میں 'خاموشی' کے عنوان سے ایک نکڑ ناٹک جامعہ کے ڈرامہ کلب نے پیش کیا۔ اسٹریٹ تھیٹر کی موثر آواز کو استعمال کرتے ہوئے لت کے اثرات کے سلسلے میں ایک موثر پیغام دیا گیا۔ پہلا نکڑ ناٹک جامعہ سینٹرل کینٹین میں کھیلا گیا جب کہ دوسرا ایف ٹی کے۔سی آئی ٹی میں کھیلا گیا۔ پراثر قصہ گوئی کی مدد سے دونوں نکڑ ناٹکوں نے ہم جماعتوں کے دباؤ، غلط اطلاعات اور مدد کی خواستگاری کی اہمیت نے سامعین پر دیرپا اثر چھوڑا۔

بعد میں پروفیسر نیلوفر افضل، ڈین، ڈی ایس ڈبلیو اور پروفیسر روبندر آر۔ پاٹل، اسسٹنٹ، ڈی ایس ڈبلیو کی قیادت ورہنمائی میں ایف ٹی کے۔سی آئی ٹی ہال کانفرنس ہال میں 'نشہ مکت بھارت او ربنیس ڈرائیو' کے موضوع پر ایک مذاکراتی اجلاس بھی منعقد کیا گیا۔

پروگرام میں جناب آلوک اگروال اور جناب محمد مسرور عالم قاسمی شامل تھے جنھوں نے مادے کے غلط استعمال کی نفسیاتی، سماجی اور صحت سے متعلق پہلوؤں پر اظہار خیال کیا۔ پروگرام مذاکراتی نوعیت کا ہونے کی وجہ سے بامعنی مباحثے میں طلبہ کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کے ساتھ اپنے خدشات کو مقررین کے سامنے رکھنے اور نشہ آور چیزوں سے کیمپس کو پاک رکھنے کے سلسلے میں اپنے رول کو سمجھنے کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔

بیداری مہم اٹھائیس فروری دو ہزار پچیس کو بھی جاری رہی جب فیکلٹی آف فائن آرٹس میں تیسرا نکڑ ناٹک کھیلا گیا۔اس اضافی ڈرامے نے پہلے دن کے بنیادی پیغام کی توثیق کی اور مختلف شعبوں کے بڑی پیمانے پر سامعین طلبہ تک بیداری مہم کی آواز پہنچی ۔

پروفیسر نیلوفر افضل، ڈین، اسٹوڈینٹس ویلفیئر کی قیادت ونگرانی میں یہ پہل ہوئی ہیں جنھوں نے طلبہ کی شراکت کو فروغ دیا ہے نیز سماجی مسائل سے نبرد آزمائی میں نوجوان قیادت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک زیادہ صحت مند، نشہ آور چیزوں سے پاک کیمپس کے فروغ کے تئیں اپنے عہد کو دہراتے ہوئے جاری بیداری مہم پروگراموں اور ہم جماعتوں کی شروع کی گئی پہل کے توسط سے ان کوششوں کو جاری رکھنے کے لیے پابند عہد ہے۔

تعلقات عامہ دفتر
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی